سوال

(71) رمضان میں خوشبو کا استعمال

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

رمضان المبارک میں عطر، اور پسینہ کی بو دور کرنے والی اشیاء کے استعمال کے بارے میں کیا حکم ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

روزے کی حالت میں کپڑے اور بدن پر خوشبو لگانے میں کوئی حرج نہیں۔ جو چیز مکروہ ہے وہ یہ ہے کہ خوشبودار چیز کو سونگھا جائے مگر اس کو کپڑے وغیرہ پر لگا لینے میں کوئی حرج نہیں۔ اسی طرح روزے کی حالت میں پاؤڈر وغیرہ کا استعمال اور غسل کرنا جائز ہے جب کہ پیٹ میں کوئی چیز داخل نہ ہونے پائے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ الصیام

صفحہ: 129

محدث فتویٰ